# ماڈل پیپر اُردو

## برائے جماعت نہم (Fresh)

سپرنٹنڈنٹ دستخط/مہر ------------------- رول نمبر (ہندسوں میں) --------

(لفظوں میں) --------------

کل نمبر: 75 کل وقت: ۳ گھنٹے

وقت 20 منٹ حصہ اول نمبر 15

نوٹ: (الف) حصہ اول لازمی ہے اور اس کے جوابات پرچہ ہی میں دیئے جائینگے۔ اس کو پہلے 20 منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔

(ب) کاٹنے، مٹانے اور دوبارہ لکھنے پر نمبر نہیں دیئے جائیں گے۔

سوال نمبر 1: نصاب کی روشنی میں دیئے گئے الفاظ میں سے درست جواب کا انتخاب کریں اور (ا،ب،ج،د) کی صورت میں ہر جز کے سامنے دیئے ہوئے خالی جگہ میں لکھیں۔

(۱)۔شعرالعجم ----------- کی تصنیف ہے۔

۱۔سید سلیمان ندوی ۲۔شبلی نعمانی ۳۔سرسید احمد خان ۴۔محمد حسین آزاد

(2)۔غریب سے غریب بیمار ہوتا، تو ---------- کے لئے تشریف لے جاتے۔

۱۔علاج ۲۔دوا ۳۔دعا ۴۔عیادت

(3)۔ہر جان خدائی کی ---------- پر پیدا ہوتی ہے۔

۱۔دین ۲۔فطرت ۳۔حکم ۴۔امر

(4)۔جملے کے دو بڑے اجزاء "مسند" اور ---------- ہیں۔

۱۔فاعل ۲۔معفول ۳۔فعل ۴۔سندالیہ

(5)۔" اسلام" -------------- کی مشہور نظم ہے۔

۱۔حسین آزاد ۲۔علامہ اقبال ۳۔الطاف حسین حالی ۴۔ظفر علی خان

(6)۔آپ سائیلوں کی تعداد بڑھنے کو ------------ سمجھتے تھے۔

۱۔منحوس ۲۔نیک شگون ۳۔مکروہ ۴۔ملعون

(7)۔حضرت عمرؓ نے سائیل سے فرمایا تو سائیل نہیں ---------- ہے۔

۱۔مجرم ۲۔ڈاکو ۳۔تاجر ۴۔سوداگر

(8)۔"ہے" قواعد کی رو سے -------- ہے۔

۱۔فعل ۲۔اسم ۳۔حرف ۴۔فعل ناقص

(9)۔-------------- نے مسلم علی گڑھ کالج قائم کیا۔

۱۔سید آغا خان ۲۔سرسید احمد خان ۳۔قائداعظم ۴۔لیاقت علی خان

(10)۔آکسفورڈ یونیورسٹی ------------ میں ہے۔

۱۔انگلستان ۲۔امریکہ ۳۔چین ۴۔پاکستان

(11)۔ہم سب بھائی بھائی ہیں مگر مثل برادران ------ کے ہیں۔

۱۔رائٹ ۲۔مت ۳۔یوسف ۴۔معاذ

(12)۔نعمان ہنسا جملہ ----------- ہے۔

۱۔اسمیہ ۲۔فعلیہ ۳۔بیانیہ ۴۔استفہامیہ

(13)۔سبق قومی اتفاق کا مصنف ----------- ہے۔

۱۔سید سلیمان ندوی ۲۔شبلی نعمانی ۳۔محمد حسین آزاد ۴۔سرسید احمد خان

(14)۔ معلوم ہوا یہ عاشقوں کا ---------- ہے۔

۱۔وطن ۲۔خواب ۳۔مجمع ۴۔گروہ

(15)۔جس نظم میں کسی کی موت پر غم کا اظہار کیا جاتا ہے ---------- کہلاتا ہے۔

۱۔قصیدہ ۲۔مثنوی ۳۔مرثیہ ۴۔منقبت

Result.pk

# ماڈل پیپر اُردو

## برائے جماعت نہم (Fresh)

نوٹ۔ حصہ دوم اور حصہ سوم کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

## حصہ دوئم

**سوال نمبر 2۔مندرجہ ذیل سوالات میں سے 9 کے جوابات لکھئے۔** **کل نمبر(36)**

۱۔مولانا شبلی نعمانی کے چار تصانیف کے نام لکھیں۔

۲۔حضرات امام حسین کے متعلق آپؐ نے کیا فرمایا تھا؟

۳۔مصنف نے اخلاق کا سب سے مقدم اور ضروری پہلو کیا بتایا ہے؟

۴۔قافیہ اور ردیف سے کیا مراد ہے؟

۵۔کوئی سے چار اصناف نظم یا نثر کی وضاحت کریں؟

۶۔حضرت عمرؓ نے یہ کیوں فرمایا کہ تو سائیل نہیں تاجر ہے؟

۷۔برادران یوسفؑ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

۸۔مطلع اور مقطع سے کیا مراد ہے ۔مقطع کی ایک مثال بھی دیجئے ۔

۹۔درج ذیل سے جملے بنائیں۔ زمانہ دراز، باایں ہمہ، رشتہ اخوت، برادرانہ برتاؤ۔

۱۰۔ درج ذیل کی مترادف لکھیں۔ متانت، مجلس، میو، بہشت۔

۱۱۔ وہم کی تصویر کس طرح پیش کی گئی ہے؟

۱۲۔ جملہ فعلیہ اور جملہ اسمیہ کی تعریف کریں۔

## حصہ سوئم

**کل نمبر: 24**

نوٹ: درج ذیل سوالات میں تین کے جوابات لکھئے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے ایک کی تشریح متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کریں۔

(الف) مجلس نبویؐ میں جگہ بہت کم ہوتی تھی جو لوگ پہلے آکر بیٹھ جاتے تھے اُن کے بعد جگہ باقی نہیں رہتی تھی ایسے موقع پر اگر کوئی آجاتا، تو اس کے لئے آپؐ خود اپنی مبارک بچھا دیتے تھے۔کسی کی کوئی بات بری معلوم ہوتی تو مجلس میں نام لے کر اس کا ذکر نہ کرتے تھے بلکہ صیغہ تعمیم کے ساتھ فرماتے تھے کہ لوگ ایسا کرتے ہیں، لوگ ایسا کہتے ہیں، بعض لوگوں کو یہ کی عادت ہے۔

(ب) ہم سب آپس میں بھائی بھائی ہیں مگر مثل برادران یوسف کے ہیں۔آپس میں دوستی اور محبت، یک دلی اور یک جہتی بہت کم ہے۔حسد، بغض و عداوت کا ہر جگہ اثر پایا جاتا ہے جس کا نتیجہ آپس کی نااتفاقی ہے۔شیطان جس نے خدا سے وعدہ کیا کہ میں ضرور ان کو تیری صراط مستقیم سے ہٹا کر رہونگا۔ بظاہر ایک مقدس اور نورانی حیلے سے ان روحانی بھائیوں میں نفاق ڈالنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 4: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجئے۔

(الف) جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعت سلطانی کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

عظمت تری مانے بن کچھ بن نہیں آتی یاں ہیں خبر سرکش بھی دم بھرتے صدا تیرا

(ب) محل دل میں تھے گناہوں کے جو برگ جب حضرت کی ہوا سے گر چلے

کیا میسر اُن کو ہوتی راہ راست چال پر کب آپ کی کافر چلے

سوال نمبر 5: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجئے۔

(الف) حوصلہ شرط عشق ہے ہمدم بات کا کس کو ڈھب نہیں آتا

جی میں کیا کیا ہے اپنے اسے ہمدم پر سخن تا بل نہیں آتا

(ب) طبل وعلم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک دولت ہم سے خلاف ہو کے کریگا زمانہ کیا

ترچھی نگر سے طائر دل ہو چکا شکار جب تیر کج پڑے گا، اڑے گا نشانہ کیا

سوال نمبر 6: اپنے چھوٹے بھائی کو دل لگا کر پڑھنے کی تلقین کرنے کے لئے خط لکھیں۔

**یا**

اقتباس کو غور سے پڑھ کر آخر میں دئے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

خاص کر ہمارے علماء اور واعظین کو لازم ہے کہ نہایت آزادی اور بے باکی سے وعظ کی مجلسوں میں سوال کی مذمت کریں۔ جو حدیثوں میں وارد ہوئی ہیں اور جو مضر نتیجے سائیلوں کی کثرت سے قوم کے حق میں پیدا ہوتے ہیں اور اسراف اور فضول خرچی کی جو برائی قران میں جا بجا بیان ہوئی ہے عام مسلمانوں کی ذہن نشین کریں۔

سوالات۔ ۱۔ علماء اور واعظین کو کیا کرنا مراد ہے؟

۲۔ اسراف اور فضول خرچی سے کیا مراد ہے؟

۳۔ سائیلوں کی کثرت سے کیا مضر اثرات پیدا ہوتے ہیں؟

۴۔ عبارت کے لئے موزوں عنوان تجویز کریں؟

Result.pk

Result.PK